The Electoral Commission




# ووٹر ID: آپ کی گائیڈ

مئی 2023 میں ہونے والے انگلش مقامی انتخابات کے لیے تصویری ID کے متعلق ہر وہ چیز جس کے بارے میں آپ کو جاننے کی ضرورت ہے

The
Electoral
Commission

# 4 مئی 2023 کو بروز جمعرات، انگلینڈ بھر میں مقامی انتخابات کروائے جا رہے ہیں۔

ان انتخابات کے دوران، آپ کو ووٹ دینے کا اہل ہونے کے لیے پولنگ اسٹیشن پر تصویری ID ساتھ لانے کی ضرورت ہو گی۔


اس اشتہار میں اس بات سے متعلق وضاحت موجود ہو گی کہ آپ ووٹ دینے کے لیے کس طرح کی تصویری ID استعمال کر سکتے ہیں۔ اس میں یہ بھی واضح کیا جاتا ہے کہ اگر آپ کو درکارہو تو، ایک مفت ووٹر ID دستاویز، جسے اتھارٹی سرٹیفکیٹ برائے ووٹر کہا جاتا ہے کے لیے کیسے درخواست دی جائے۔

# میں ووٹ دینے کے لیے رجسٹر کیسے ہو سکتا/سکتی ہوں؟

انتخابات میں ووٹ دینے کے لیے، آپ کا **17 اپریل 2023 بروز پیر رات 11.59** تک ووٹ ڈالنے کی خاطر رجسٹر ہونا لازمی ہے۔

اگر آپ کبھی رجسٹر نہیں ہوئے، حال ہی میں کسی دوسرے پتے پر منتقل ہوئے ہیں، یا اپنا نام تبدیل کیا ہے، تو **www.gov.uk/register-to-vote** پر آن لائن ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہوں۔ آپ درخواست کا کاغذی فارم مکمل کر کے بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

اگر آپ کو ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہونے میں مدد درکار ہے، یا آپ ایک درخواست فارم کی گزارش کرنا چاہتے ہیں، تو اپنی مقامی کونسل کی انتخابی سروسز کی ٹیم سے رابطہ کریں۔ اپنی مقامی انتخابی سروسز کی ٹیم سے رابطے کے تفصیلات تلاش کرنے کے لیے **electoralcommission.org.uk/voter** ملاحظہ کریں یا ہماری ہیلپ لائن کو **0800 328 0280** پر کال کریں۔




**4 مئی 2023 بروز جمعرات،** مقامی کاؤنسل، میئر اور گرجا گھر کے حلقے کے انتخابات سمیت انگلینڈ کی 230 کونسلوں میں مقامی انتخابات کروائے جا رہے ہیں۔

یہ جاننے کے لیے کہ آیا آپ کے علاقے میں انتخابات کا انعقاد کروایا جا **electoralcommission.org.uk/voterID** پر جائیں رہا ہے، تو

یا ہماری ہیلپ لائن کو **0800 328 0280** پر کال کریں۔

# میں ووٹ دینے کے لیے کس طرح کی ID استعمال کر سکتا/ سکتی ہوں؟

آپ کو تصویری ID کی صرف ایک قسم ظاہر کرنے کی ضرورت ہو گی، تاہم اس کا فوٹو کاپی نہیں بلکہ اصل ورژن کا ہونا ضروری ہے۔

پولنگ اسٹیشن پر ووٹ ڈالنے کے اہل ہونے کے لیے آپ درج ذیل تسلیم شدہ کسی بھی طرح کی تصویری ID استعمال کر سکتے ہیں۔

### بین الاقوامی سفر

پاسپورٹ

### مقامی سفر

بعض رعایتی سفری کارڈز

### ڈرائیونگ اور پارکنگ

- ڈرائیونگ لائسنس (بشمول عارضی لائسنس)
- بلیو بیج

### دیگر حکومت کی طرف سے جاری شدہ دستاویز

- امیگریشن کی بائیومیٹرک دستاویز
- دفاعی شناختی کارڈ
- بعض قومی شناختی کارڈز

### ثبوت برائے عمر

پاس کے نشان کا حامل شناختی کارڈ

اگر آپ کے پاس تصویری ID کی ایک قبول شدہ قسم موجود ہے جو کہ زائد المیعاد ہے، تو آپ اسے پھر بھی پولنگ اسٹیشن پر ووٹ دینے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں بشرطیکہ آپ اب بھی اس جیسے ہی نظر آتے ہوں۔

اگر آپ کے پاس ابھی تصویری ID کی ایک قبول شدہ قسم موجود نہیں ہے، یا آپ اس حوالے سے غیر یقینی کا شکار ہیں کہ آیا آپ کی تصویری ID اب بھی آپ جیسی نظر آتی ہے، تو آپ ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کہلائی جانے والی ایک مفت ووٹر ID دستاویز کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دینے سے قبل، یہ ضروری ہے کہ آپ ووٹ دینے کے لیے رجسٹڑ ہوں، یا رجسٹڑ ہونے کے لیے درخواست جمع کروا چکے ہوں۔ ووٹ دینے کی خاطر رجسٹڑ ہوتے وقت، آپ سے پوچھا جائے گا کہ آیا آپ کے پاس تصویری ID موجود ہے یا آپ ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں۔

**ID** کی کون سی اقسام قبول کی جائیں گی اس سے متعلق مزید جاننے کے لیے **electoralcommission.org.uk/voterID** ملاحظہ کریں یا

ہماری ہیلپ لائن کو **0800 328 0280** پر کال کریں۔

# ووٹر اتھارٹی سرٹیفیکیٹ کے لیے درخواست دینا

انتخابات میں استعمال ہونے والے ووٹر اتھارٹی سرٹیفیکیٹ کے لیے درخواست دینے کی آخری تاریخ **25 اپریل بروز منگل شام 5 بجے** ہے، لیکن آپ کو جلد از جلد درخواست جمع کروا دینی چاہیئے مبادا انتخابی سروسز کی ٹیم آپ کے ساتھ کسی تفصیلات کی جانچ کرنے کی ضرورت محسوس کرے۔

آپ ووٹر اتھارٹی سرٹیفیکیٹ کے لیے آن لائن **https://voter-authority-certificate.service.gov.uk** پر درخواست دے سکتے ہیں

آپ درخواست کے ایک کاغذی فارم کو مکمل کر کے اور اسے اپنے مقامی کونسل کی انتخابی سروسز کی ٹیم کو ارسال کر کے بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ اپنے مقامی دفتر برائے انتخابی سروسز میں بالمشافہ درخواست بھی دے سکتے ہیں۔

اگر آپ کو ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دینے میں مدد درکار ہے یا آپ ایک درخواست فارم کا مطالبہ کرنا چاہتے ہیں، تو اپنی مقامی کونسل کی انتخابی سروسز کی ٹیم سے رابطہ کریں۔ ان کی رابطے کی تفصیلات جاننے کے لیے **electoralcommission.org.uk/voter** ملاحظہ کریں یا ہماری ہیلپ لائن کو **0800 328 0280** پر کال کریں۔

# ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دیتے وقت مجھے کون سی معلومات فراہم کرنے کی ضرورت ہے؟

ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دیتے وقت، آپ کو اپنے متعلق درج ذیل فراہم کرنے کی ضرورت ہو گی

- **نام**
- **پتہ**
- **تاریخ پیدائش**
- **قومی انشورنس نمبر**

اگر آپ کو اپنا قومی اشورنش نمبر معلوم نہیں ہے، یا آپ انشورنس کے حامل نہیں ہیں، تو آپ تب بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ کی شناخت سے متعلق متبادل ثبوت فراہم کرنے کے حوالے سے آپ کی کونسل کی انتخابی سروسز کی ٹیم آپ سے رابطہ کرے گی۔

آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ ایک تصویر بھی جمع کروانے کی ضرورت ہو گی۔ تصویر کی شرائط پاسپورٹ کی تصویر کی شرائط سے مماثل ہیں۔

شرائط کے حوالے سے مزید جاننے کے لیے **electoralcommission.org.uk/voterID** پر جائیں

ہماری ہیلپ لائن کو **0800 328 0280** پر کال کریں۔

# پولنگ اسٹیشن پر کیا ہو گا؟

آپ کے پولنگ اسٹیشن پہنچنے پر۔ عملے کا ایک ممبر:

1. آپ سے آپ کا نام اور پتہ پوچھے گا تاکہ وہ آپ کو رجسٹر میں تلاش کر سکے
2. آپ سے آپ کی تصویری ID کا پوچھے گا، اور جانچ کرے گا کہ آیا یہ قابل قبول ہے
3. گر آپ کی ID قابل قبول ہوئی، تو وہ آپ کو آپ کا بیلٹ پیپر دیں گے اور حسب معمول اسے پولنگ بوتھ پر مکمل کرنے کے حوالے سے آپ کو ہدایت فراہم کریں گے۔

پولنگ اسٹیشن پر ایک خفیہ مقام موجود ہو گا، لہٰذا اگر آپ اپنی تصویری ID کو خفیہ طور پر دکھانے کی خواہش رکھتے ہیں تو آپ اس کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ یہ پولنگ اسٹیشن پر منحصر ایک علیحدہ کمرہ، یا رازداری کی اسکرین سے علیحدہ کردہ ایک مقام ہو سکتا ہے۔

پولنگ اسٹیشن پر عملہ مدد کے لیے موجود ہوتا ہے۔ اگر آپ کو کسی بھی وقت تعاون درکار ہے، تو فوراً طلب کریں۔

کیا ووٹ دینے کے لیے دوسرے طریقے موجود ہیں؟

# پوسٹ کے ذریعے ووٹ

پوسٹ کے ذریعے ووٹ دینے کے لیے آپ کو تصویری ID فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

18

پوسٹ کے ذریعے ووٹ دینے کی درخواست کرنے کے لیے، آپ کو پوسٹل ووٹ کا درخواست فارم مکمل کرنے کی ضرورت ہو گی اور یہ یقینی بنانا ہو گا کہ یہ **18 اپریل 2023 بروز منگل شام 5 بجے** تک آپ کی مقامی کونسل کی انتخابی سروسز کی ٹیمتک پہنچ جائے۔

آپ کو پوسٹ کے ذریعے اپنا بیلٹ پیپر موصول ہو گا۔ اپنا بیلٹ فارم مکمل کریں اور واپس بھیج دیں، یہ یقینی بنائیں کہ **4 مئی بروز جمعرات رات 10 بجے** تک آپ کی مقامی کونسل تک پہنچنے کے لیے اس ککافی وقت موجود ہے۔ اگر آپ اپنا پوسٹل ووٹ پیک وقت پر پوسٹ نہیں کر سکتے، تو آپ پولنگ والے دن اس اپنے پولنگ اسٹیشن یا اپنے مقامی کاؤنسل کے دفتر میں لا سکتے ہیں۔

# کسی دوسرے کے ذریعے ووٹ ڈالنا

(اپنی جانب سے کسی ایسے شخص کو ووٹ ڈالنے کی اجازت دینا جو آپ کے نزدیک بھروسہ مند ہو)

25

کسی دوسرے کے ذریعے ووٹ ڈالنے کی درخواست دینے کے لیے، درخواست کا فارم مکمل کریں اور اسے اپنے مقامی کاؤنسل کی انتخابی سروسز کی ٹیم کو ارسال کر دیں تاکہ وہ **25 اپریل 2023 بروز منگل شام 5 بجے تک** پہنچ جائے۔

اپنی جانب سے ووٹ دینے کے لیے آپ جس شخص کا انتخاب کرتے ہیں اسے ووٹ دینے کے لیے پولنگ اسٹیشن پر جانے کی ضرورت ہو گی اور ووٹ کاسٹ کرنے کے اہل ہونے کے لیے اپنی ذاتی تصویری ID ظاہر کرنے کی ضرورت ہو گی۔ آپ کی جانب سے ووٹ دیتے وقت انہیں آپ کی ID ظاہر کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی۔

ہنگامی حالت میں جہاں آپ پولنگ اسٹیشن میں بالمشافہ نہیں جا سکتے، اس صورت حال میں آپ ہنگامی طور پر کسی دوسرے فرد کے ذریعے ووٹ دینے کے لیے **4 مئی بروز جمعرات شام 5 بجے تک** درخواست دے سکتے ہیں۔

مزید معلومات یا پوسٹل یا کسی دوسرے فرد کے ذریعے ووٹ کا درخواست فارم حاصل کرنے کے لیے، **electoralcommission.org.uk/voter** ملاحظہ کریں یا ہماری ہیلپ لائن کو **0800 328 0280** پر کال کریں۔

**میں مزید معلومات کیسے تلاش کر سکتا/ سکتی ہوں؟**

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں یا آپ ان معلومات کو ایک قابل رسائی فارمیٹ میں حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو
**electoralcommission.org.uk/voterID**
پر جائیں،
ہماری ہیلپ لائن کو **0800 328 0280** پر کال کریں

یا درج ذیل QR کوڈ اسکین کریں۔

یہ اشتہار انتخابی کمیشن **(Electoral Commission)** کی جانب سے تیار کیا گیا ہے۔

انتخابی کمیشن ایک آزاد ادارہ ہے جو UK میں انتخابات کی نگرانی اور سیاسی مالیات کا نظم کرتا ہے۔ ہم جمہوری طریقے پر عوامی اعتماد کو فروغ دینے اور اس کی سالمیت کو یقینی بنانے کے لیے کام کرتے ہیں۔

یہاں پر ہمیں فالو کریں

**@ElectoralCommUK**

**facebook.com/ElectoralCommissionUK**

**@ElectoralCommissionUK**

The Electoral Commission

- کیا میں ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہوں؟
- کیا میرے پاس تصویری ID موجود ہے؟
- کیا مجھے پولنگ اسٹیشن ساتھ لے جانے کے لیے تصویری ID مل چکی ہے؟
- اگر نہیں، کیا میں نے مفت ووٹر ID کے لیے درخواست دے دی ہے؟
- کیا میں ووٹ دے چکا/چکی ہوں؟

2023 کے مقامی انتخابات کے لیے ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کی درخواست دینے کی آخری تاریخ **25 اپریل بروز منگل شام 5 بجے** ہے۔

2023 کے مقامی انتخابات میں ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہونے کی آخری تاریخ **17 اپریل بروز پیر رات 11.59** ہے۔

درج ذیل کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے **electoralcommission.org.uk/voterID** ملاحظہ کریں یا **0800 328 0280** پر کال کریں:

- ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہونا
- ووٹ دیتے وقت کون سی ID قبول کی جائے گی
- مفت ووٹر ID کے لیے کیسے درخواست دی جائے